تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : **الحکمۃ**

مرتب : **شیخ عمر فاروق**

ضخامت: 808 صفحات (30x20/8)...... قیمت :وقف للہ تعالیٰ

ملنے کا پتہ: جامعہ تدبر القرآن 15-بی وحدت کالونی لاہور

شیخ عمر فاروق درددل رکھنے والے سادہ سے آدمی ہیں۔ قرآن وحدیث کے مطالب سمجھنے سمجھانے میں ان کی عمر گزری ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مختلف موضوعات پر لکھتے رہے ہیں' جنہیں بعد ازاں کتابی شکل میں مدون کر کے شائع بھی کر چکے ہیں۔ پھر سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرۃ کی تشریح وتوضیح پر مبنی ان کی ایک کتاب ''الفرقان'' کے نام سے شائع ہو چکی ہے۔

''الحکمۃ'' ۸۰ سے زیادہ احادیث کا مجموعہ ہے جو حدیث کی مستند کتب سے اخذ کیا گیا ہے۔ ہر حدیث کی تشریح عام فہم اور موجودہ حالات کی روشنی میں کی گئی ہے۔ ہر حدیث کی تشریح میں جابجا مؤید قرآنی آیات اور احادیث لکھ دی ہیں۔ اس طرح اس مجموعے میں متعلقہ آیاتِ قرآنی کے علاوہ سینکڑوں احادیث آ گئی ہیں۔ اس مجموعہ احادیث کی اہمیت بہت زیادہ ہوگئی ہے کیونکہ اس انتخاب میں ان احادیث کو لیا گیا ہے جو ہر مسلمان کو روزمرہ زندگی میں ضروری راہنمائی مہیا کرتی ہیں۔ حدیث کی تشریح وتوضیح اس قدر پُر تاثیر انداز میں کی گئی ہے کہ پڑھنے والا اثر قبول کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یوں یہ کتاب از دل خیزد بر دل ریزد کے محاورے کا صحیح مصداق ہے۔ علماء' خطباء اور اساتذہ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

شیخ عمر فاروق اس کتاب کو صرفِ کثیر کے ساتھ شائع کر کے حسبِ معمول ضرورت مندوں کو ہدیۃً دے رہے ہیں' لیکن اس ضمن میں وہ اطمینان کرنا چاہتے ہیں کہ کتاب صحیح ہاتھوں میں پہنچے اور واقعی اس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس لئے وہ ''الفرقان'' اور ''الحکمۃ'' بذریعہ ڈاک نہیں بھیجتے' بلکہ ضرورت مندان سے بالمشافہ ملاقات کر کے اور فائدہ اٹھانے کی